پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۴۱۹۸۰۰۰ ایکسٹنشن: ۸۸۲۲

فیکس: ۸۶۲۹ / ۲۴۱۹۸۸۱۷۔(۹۱۔۱۱) انٹرنیٹ : http://newdelhi.usembassy.gov

شعبۂ امور عامہ
سفارتخانہ امریکا

امریکی سفارتخانہ کا ویزا دھوکہ دہی پر سخت رخ

نئی دلی 8 جون 2007ء امریکی سفارتخانہ نے یکم جون سے ویزا جعلسازی کے سات معاملوں کو تفتیش کے لئے پولس کے حوالے کیا ہے۔ ان سات معاملوں میں مذہبی کارکنان، عارضی پیشہ ور کارکنان (H1B)، طلباء اور عام سیاح/تاجر سمیت ویزا کے تمام زمرے شامل ہیں۔

امریکی سفارتخانہ ویزا جعلسازی کے معاملوں کو بہت سنجیدگی سے لیتا ہے۔ جعلسازوں کا پتہ لگانے اور ان پر مقدمہ چلانے کے لئے قانون کا نفاذ کرنے والی ہندوستانی ایجنسیوں کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے۔ ہندوستانی شہریوں کو غلط دستاویز کا استعمال کرنے اور غیر مجاز اداروں یا لوگوں سے مشورہ کرنے کے تئیں ہشیار کیا جا چکا ہے۔ امریکی سفارتخانہ کے حکام نے بتایا کہ اب ویزا انٹرویو کے لئے اپائنٹمنٹ آسانی سے دستیاب ہے اور اس سلسلے میں تیز رفتاری سے کام ہوتا ہے البتہ امریکی امیگریشن قوانین میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

اس موضوع پر اظہار خیال کرتے ہوئے ہندوستان میں امریکی سفیر ڈیوڈ سی ملفورڈ نے زور دیکر کہا "نقلی کاغذات بنانا یا جمع کرنا صارف کی دھوکہ دہی اور مجرمانہ کام ہے۔ جو لوگ جعلساز دلالوں کے رابطہ میں آتے ہیں اور غلط کاغذات داخل کراتے ہیں وہ بڑا خطرہ مول لیتے ہیں۔"

ویزا دھوکہ دہی کے حالیہ سات معاملے قانون کا نفاذ کرنے والی ہندوستانی ایجنسیوں کے ساتھ امریکی سفارتخانہ کے مضبوط تعاون کو اجاگر کرتے ہیں۔ گزشتہ سال امریکی سفارتخانہ نے ایسے 57 معاملے تفتیش یا مقدمہ چلانے کے لئے قانون کا نفاذ کرنے والی ہندوستانی ایجنسیوں کے حوالے کئے تھے۔

ویزا دھوکہ دہی کے یہ بدترین معاملے تھے جبکہ امریکی سفارتخانہ کا عملہ روزانہ ہی دھوکہ دہی والی ویزا درخواستوں کی نشاندہی کرتا ہے جسکے لئے جدید ترین جانچ تکنیکوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر ایک بار کسی درخواست دہندہ کی جعلسازی پکڑی گئی تو اسے عام طور پر ہمیشہ کے لئے امریکی ویزا سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

تاہم امریکی سفارتخانہ ہندوستان سے امریکہ کا سفر کرنے والے بھی مجاز مسافروں کی مدد کرنے کے عزم پر بدستور قائم ہے اور انکی ویزا درخواستوں پر جس قدر جلد ممکن ہو، کارروائی کرنے کا پختہ عزم رکھتا ہے۔

☆☆☆☆☆